خصوصی پریس ریلیز

"متفرق"

"موسمیاتی تبدیلی"

# 74% پاکستانی (85% عالمی سطح پر) اس بات سے متفق ہیں کہ گلوبل وارمنگ انسانوں کے لیے ایک سنگین خطرہ ہے:

(گیلپ & گیلانی پاکستان اور ون انٹرنیشنل)،


اسلام آباد، 08 جون، 2021

پاکستان میں گیلپ پاکستان سروے کے مطابق (اور اسی طرح دنیا بھر میں ون انٹرنیشل کی جانب سے منعقد کیے جانے والے سروے کے مطابق)، 74% پاکستانی (85% عالمی سطح پر) اس بات سے متفق ہیں کہ گلوبل وارمنگ انسانوں کے لیے ایک سنگین خطرہ ہے۔

مارکیٹ ریسرچ اور پولنگ میں دنیا کی معروف تنظیم / ادارہ "**ون انٹرنیشنل**" نے موسمیاتی تبدیلیوں کے بارے میں دنیا بھر کے 32 ممالک سے 26,759 افراد کے خیالات اور رائے کو جاننے کی کوشش کی اور سالانہ ون ورلڈ سروے (WWS-2020) میں اس سروے کو شائع کیا۔ **پاکستان میں یہ سروے گیلپ پاکستان نے 1103 مرد و خواتین سے 5 سے 15 نومبر 2020 کے دوران کیا۔ اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔**

موسمیاتی تبدیلیوں سے متعلق اس عالمی سروے کے بارے میں مزید تفصیلات کے لئے، عالمی پریس ریلیز تک رسائی حاصل کرنے کے لیے یہاں کلک کریں۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ، "**برائے مہربانی بتائیں کہ آپ مندرجہ ذیل عبارتوں سے کس حد تک متفق یا غیر متفق ہیں، "گلوبل وارمنگ انسانوں کے لیے ایک سنگین خطرہ ہے"**"؟ ۔ اس سوال کے جواب میں 50% جوابدہندگان کے مطابق وہ اس بات سے مکمل طور پر متفق ہیں کہ گلوبل وارمنگ انسانوں کے لیے ایک سنگین خطرہ ہے، 24% جوابدہندگان اس بات سے کسی حد تک متفق، 5% جوابدہندگان اس بات سے کسی حد تک غیر متفق، جبکہ 5% جوابدہندگان کے مطابق وہ اس بات سے مکمل طور پر غیر متفق ہیں کہ گلوبل وارمنگ انسانوں کے لیے ایک سنگین خطرہ ہے، تاہم 16% جوابدہندگان نے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

اسی طرح، دنیا بھر کی تقریباً 12% آبادی گلوبل وارمنگ کو انسانوں کے لیے ایک سنگین خطرہ نہیں سمجھتی ہے، اور 10% پاکستانی بھی ایسی رائے رکھتے ہیں۔ اس کے برعکس 74% پاکستانی اس طرح کی رائے نہیں رکھتے ہیں۔ یہ شرح دنیا بھر کی شرح 85% سے کم ہے۔ ویتنام، جنوبی کوریا اور چلی کا شمار اُن تین سرفہرست ممالک میں ہوتا ہے جہاں عوام کی اکثریت کے مطابق گلوبل وارمنگ انسانوں کے لیے ایک سنگین خطرہ ہے۔

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کے 1103 مرد و خواتین سے 5 نومبر تا 15 نومبر 2020 میں منعقد ہوا۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر 95٪ اعتماد کے ساتھ تقریباً 3-2٪+ لگایا گیا ہے۔ اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔ جواب دہندگان کا تعلق پاکستان کے 100 سے زائد اضلاع سے ہے۔

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***

*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

**Tuesday, 08 June 2021**

*(2 Pages, Urdu version only)*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

***Gilani Research Foundation is a not for profit public service project to provide social science research to students, academia, policy makers and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*

*Ms. Fatima Idrees*
*Phone: +92-51-2655630*
*E-mail:* fatima.idrees@gilanifoundation.com

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as Gallup Pakistan (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association. For details on Gallup International Association see website: www.gallup-international.com*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan and Gilani Research foundation are a nonpartisan fact tank and think tank respectively. As a neutral source of data and analysis, both organizations do not take policy positions.*

Daily Gilani Poll
2021

celebrating
41
years
of Gallup Pakistan
(1980-2021)